© rasailojaraid.com



# آئینِ جواں مرداں حق گوئی و بیباکی

## روسی جرنیل وارنسٹوف کے نام امام شامل کا تاریخی مکتوب

روس کی توسیع پسندی، مسلم دشمنی اور استعماریت کے خلاف ۳۰ سال تک برسرِ پیکار رہنے والے عالمِ اسلام کے پہلے گوریلا لیڈر امام شامل کو روسی جرنیل وارنسٹوف نے ستمبر ۱۹۴۴ء میں قفقاز پہنچ کر ایک خط میں لکھا کہ تم پانچ لفظوں، اطاعت، فرماں برداری، ماتحتی، باجگذاری اور درخواست میں سے جو لفظ چاہو منتخب کرلو۔

جواب میں امام شامل نے جو تاریخی خط لکھا وہ اپنی مثال آپ ہے۔ انہوں نے لکھا۔

"وارنسٹوف مجھے تمہارے شہنشاہ پر ترس آتا ہے۔ کہ وہ تم جیسے بوڑھے اور از کار رفتہ نام نہاد جرنیل کا سہارا لینے پر مجبور ہوگیا ہے۔ اگر تم حقیقی جرنیل ہوتے تو تمہیں یہ علم ضرور ہوتا کہ ایک سپہ سالار دوسرے سپہ سالار سے کس طرح گفتگو کرتا ہے۔ تمہیں تو اتنا بھی پتہ نہیں کہ سپاہی گفتگو کا آغاز تلوار کی زبان سے کرتا ہے زبان کے استعمال کی نوبت اس وقت آتی ہے جب تلوار غالب یا عاجز آجائے۔

تمہاری اطلاع کے لئے تحریر ہے کہ قفقاز میں کوئی شخص یہ نہیں جانتا کہ وارنسٹوف کس چڑیا کا نام ہے ہاں مگر ایک نام ایسا ہے جسے صرف جنوبی روس میں نہیں پورے روس میں، پورے قفقاز میں ہر کوئی جانتا ہے۔ تمہارے زاروں، جرنیلوں، افسروں اور سپاہیوں کے قبرستانوں میں مدفون لاکھوں لوگوں کی روحیں بھی اس نام سے واقف ہیں یہ نام ہے "شامل"

اور ہاں ہم غیر مہذب ضرور ہیں کیونکہ

- ★ ہم دوسرے ملک پر قبضہ نہیں کرتے۔
- ★ ہم دوسروں کو اپنا غلام نہیں بناتے۔
- ★ ہم اپنے مخالفوں کے باغات، کھیتیاں اور گھر نذرِ آتش نہیں کرتے۔ ہم ان کے پانی کے کنوئیں بند کرکے ان کو پیاس سے تڑپتے نہیں دیکھتے۔
- ★ ہم کسی فانی انسان کو اپنا خداوند، اپنا آقا، اپنی زندگیوں کا مالک تسلیم نہیں کرتے۔



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ہم غیر مہذب ضرور ہیں۔ کیونکہ

★ ہمارے یہاں ماتحتوں کی بیویاں اپنے اعلیٰ افسروں کی بانہوں میں نہیں جھولتیں۔ ہمارے یہاں کی غریب مائیں اپنی چھاتیاں اپنے آقاؤں کے کتوں میں نہیں دیتیں۔ ہمارے یہاں انسان بندہ و آقا نہیں بلکہ انسان ہوتے ہیں۔

★ ہمارے یہاں لاکھوں کو ان کی مرضی کے خلاف جبراً فوج میں بھرتی کرکے جنگ کی آگ میں نہیں جھونکتے۔

★ ہمارے یہاں آقاؤں کے خادم اپنے آقاؤں کے کتوں کو گرمی پہنچانے کے لئے ساری رات اپنی گود میں لے کر نہیں بیٹھتے۔

★ ہمارے یہاں ہزاروں لوگ شہنشاہوں کے محل تعمیر کرتے ہوئے سردی سے ٹھٹھر کر نہیں مرتے۔

★ ہمارے یہاں بچوں کو ان کے ماں باپ سے جبراً جدا کرکے امیرزادوں اور امیرزادیوں کے "ننھے غلام" اور ننھی باندیاں بننے پر مجبور نہیں کیا جاتا۔

★ ہمارے یہاں بادشاہ کی حماقتوں اور زیادتیوں کے خلاف کرنے والوں کو ہمیشہ کے لئے سرد جہنم میں نہیں دھکیلا جاتا۔

ہم واقعی غیر مہذب ہیں کیونکہ

★ ہم آبادیوں پر اندھا دھند گولہ باری کرکے بچوں، عورتوں اور بوڑھوں کا قتلِ عام نہیں کرتے۔

★ ہم دھوکے، فریب، بدعہدی اور دغابازی کو جائز نہیں سمجھتے۔

★ ہم کسی فانی انسان کی خوشنودی کے لئے نہیں بلکہ اپنے اللہ کے لئے اور اپنے جائز حق کے لئے لڑتے ہیں۔

★ ہم ہلاکت، تباہی، بربادی، ظلم، تشدد اور استحصال کو تہذیب کی برکات قرار دے کر برآمد نہیں کرتے۔

وارنسٹوف! تم کہتے ہو کہ ہم مہذب بن جاتے تو کئی فوائد سے بہرہ ور ہوتے اور ہمارے پاس کھانے پینے کا وافر سامان ہوتا۔ تم اپنے شہنشاہ اور اس کے آباؤ اجداد سے پوچھو کبھی ہم نے اس سے کچھ مانگا ہے۔

وارنسٹوف! بھوک دو طرح کی ہوتی ہے۔ پیٹ کی بھوک اور نیت کے بھوکے نہیں۔ تمہارا خداوند نیت کا بھوکا ہے۔ جارجیا۔ منگریلیا اور امریتیا اور کئی علاقے ہضم کرنے کے بعد اس کی بھوک نہیں مٹی۔ اس کی ہوس ملک گیری بڑھتی جارہی ہے جس طرح زردار کی ہوس بڑھتی ہی جاتی ہے۔

وارنسٹوف۔ تم نے کہا ہے کہ میں پانچ الفاظ میں سے ایک لفظ منتخب کرلوں۔ میں تمہارے پانچوں لفظ مسترد کرتا ہوں میرے منتخب کردہ پانچ الفاظ یہ ہیں:۔

"اللہ کی راہ میں جہاد"

خریدار حضرات خط و کتابت کرتے وقت خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے!



© rasailojaraid.com